Mazhar/Shabbir

30-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اترپردیش کا دو روزہ دورہ کریں گی۔

2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اُن ماؤنوازوں سے بات کرنے کے امکان سے انکار کردیاہے جو ہتھیاروں سے لیس ہیں۔

3 UGC نے 89 اداروں کو نوٹس جاری کئے ہیں جن میں چار IITs، تین IIMs اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی شامل ہیں۔اِن اداروں کو ریگنگ کی روک تھام سے متعلق ضابطوں پر عمل درآمد میں ناکام رہنے پر یہ نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔

4 مہاراشٹر سرکار نے اسکولوں سے، اپنی سہ لسانی پالیسی واپس لے لی ہے۔ وزیراعلیٰ نے پالیسی کے مستقبل پر بات چیت کیلئے ایک کمیٹی کا اعلان کیاہے۔

5 کیلاش مانسرو ور یاترا، پانچ سال کے وقفے کے بعد آج سے دوبارہ شروع ہورہی ہے۔

6 بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے سربراہ نے کہا ہے کہ ایران، امریکی فضائی حملوں کے باوجود کچھ ہی مہینوں میں یورینیم کو افزودہ بنانے کا پروگرام دوبارہ شروع کرسکتا ہے۔

7 اور بیڈمنٹن میں آیوش شیٹی نے پہلی بار امریکی اوپن خطاب جیت لیاہے۔ تنوی شرما، رنراپ رہیں۔

Prez Uttar Pradesh

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اترپردیش کا دو روزہ دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ بریلی اور گورکھپور میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گی۔

ایک رپورٹ:

V/C Om Awasthi

اپنے دورے کے پہلے دن صدرِ جمہوریہ **بریلی** میں **Indian Veterinary Research Institute** کے **گیارہویں** جلسۂ تقسیم اسناد میں **شرکت** کریں گی۔ جھارکھنڈ کے گورنر **سنتوش گنگوار**، **مرکزی** وزیر شیوراج سنگھ چوہان اور زراعت کے **مرکزی وزیر مملکت** بھاگیرتھ چودھری بھی اس تقریب میں **شرکت** کریں گے۔

اِس تقریب میں **شرکت** کے بعد، صدرِ جمہوریہ **گورکھپور** کے لیے پرواز کریں گی۔ **گورکھپور** میں صدرِ جمہوریہ تین بڑے اداروں میں منعقد اہم تقریبات میں **شرکت** کریں گی۔

صدرِ جمہوریہ ایمس گورکھپور کے افتتاحی جلسۂ تقسیم اسناد میں **شرکت** کریں گی، جہاں وہ ہونہار طلبا کو میڈلس **عطا** کریں گی۔

پہلی جون کو اپنے دورے کے دوسرے دن صدرِ جمہوریہ صبح کے وقت پہلی مہایوگی گرو گورکھناتھ آیوش یونیورسٹی کا افتتاح کریں گی۔سہ پہر میں صدرِ جمہوریہ اکیڈمک بلاک، آڈیٹوریم اور **پنچ** کرما سینٹر کا افتتاح کریں گی اور **Sonbarsa** میں مہایوگی گورکھناتھ آروگیہ دھام کیمپس میں لڑکیوں کے ہاسٹل کا سنگِ **بنیاد** رکھیں گی۔ اِس کے ساتھ ساتھ صدرِ جمہوریہ دونوں ہی دن گورکھناتھ مندر کا بھی دورہ

کریں گی، جہاں ایک خصوصی درشن اور پرساد تقریب بھی ہوگی۔ صدرِ جمہوریہ کے دورے کے تناظر میں بریلی اور گورکھپور میں سیکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔

لکھنؤ سے اوم اوستی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شبانہ رحمان

## Amit Shah

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے مسلح ماؤنوازوں سے بات چیت کیے جانے سے انکار کیا ہے۔ تلنگانہ کے نظام آباد میں کسان سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جنھوں نے قبائلیوں، پولیس والوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کو قتل کیا ہے، اُن لوگوں سے کوئی بات چیت نہیں ہوسکتی۔ وزیر داخلہ نے بائیں بازو کی انتہا پسندوں سے اپیل کی کہ وہ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہوجائیں۔

جناب شاہ نے 31 مارچ 2026 تک بھارت کو ماؤنوازوں سے پاک کرنے کے مرکزی حکومت کے عزم کو دوہرایا۔

S/B Amit Shah Naxal Policy

جناب شاہ نے اِس خدشے کا بھی اظہار کیا کانگریس پارٹی ملک بھر سے فرار ہونے والے ماؤنوازوں کو تلنگانہ میں پناہ دے سکتی ہے۔ جناب شاہ نے وزیرِاعلیٰ اے ریونت ریڈی سے کہا کہ وہ تلنگانہ کو ماؤنوازوں کا گڑھ نہ بننے دیں۔

## UGC Ragging

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC نے ملک کے 89 اداروں کو نوٹس جاری کئے ہیں، جن میں چار IITs تین IIMs اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی شامل ہے۔ ان اداروں کو Ragging کی روک تھام سے متعلق ضابطوں پر عمل درآمد کرنے میں ناکام رہنے پر یہ نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔

Ragging-2009 کے UGC ضابطوں کے مطابق، UGC سے وابستہ ہرادارے کو، طلبہ سے عمل درآمد، اور ادارے سے Ragging کی روک تھام سے متعلق انڈرٹیکنگ داخل کرنا ہوتی ہے۔ نوٹس کے مطابق اِن اداروں نے طلبہ سے Ragging نہ کرنے سے متعلق یہ لازمی انڈرٹیکنگ اور اداروں سے عمل درآمد کئے جانے سے متعلق انڈرٹیکنگ داخل نہیں کیں۔ حالانکہ اس سلسلے میں بار بار ہدایات بھی جاری کی گئیں اور بعد میں کالز بھی کی گئیں۔

یہ چارIITs ہیں: IIT بامبے، IIT کھڑگ پور، IIT پلکڑ اور IIT حیدرآباد۔

IIMs میں: IIM بامبے، IIM روہتک اور IIM تروچراپلی شامل ہیں۔×

## Maha Cabinet

مہاراشٹر سرکار نے پرائمری اسکولوں میں سہ لسانی پالیسی کے تحت ہندی کو تیسری زبان کے طور پر لازمی بنانے سے متعلق سرکاری حکم نامے کو واپس لے لیا گیا ہے۔

وزیرِاعلیٰ دیویندر فرنویس نے کل اعلان کیا کہ سہ لسانی پالیسی کا جائزہ لینے کے لیے جلد ہی ایک کمیٹی تشکیل دے جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prathna

مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کے مانسون اجلاس سے پہلے وزیرِاعلیٰ دیویندر فرنویس نے اعلان کیا کہ 16 اپریل اور 17جون کو پرائمری اسکولوں میں سہ لسانی پالیسی سے متعلق جاری کردہ سرکاری حکم نامہ منسوخ کردیا گیا ہے۔

پہلے حکم نامے میں ہندی زبان کو پہلی سے لے کر پانچویں جماعت تک کے طلبا کے لیے تیسری زبان کے طور پر لازمی قرار دیا گیا تھا۔ جناب فرنویس نے یہ بھی کہا کہ ڈاکٹر نریندر جادھو کی زیر قیادت ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو پرائمری جماعتوں کے لیے سہ لسانی پالیسی کا جائزہ لے گی۔

اس دوران مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کا مانسون اجلاس آج سے ممبئی میں شروع ہو رہا ہے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شبانہ رحمان

Emergency Special Story

ایمرجنسی کے نفاذ کے 50 سال مکمل ہونے کے موقع پر جسے بھارت کی جمہوری تاریخ کے ایک سیاہ ترین باب کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ ملک بھر میں مختلف پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔ اِس مدت کے دوران، جن لوگوں کو MISA کے تحت قید کیا گیا تھا، اعزازات سے نوازا جا رہا ہے۔

آزمودہ کار سینئر صحافی بلبیر دت نے ایمرجنسی کے سیاہ دنوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا:

S/B Balbir Dutt

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Kailash Mansarovar Yatra

کیلاش مانسرووَر یاترا، پانچ سال کے وقفے کے بعد آج سے شروع ہو رہی ہے۔ یہ یاترا جو 2020 میں، کووِڈ 19 وبا کے سبب معطل کردی گئی تھی، دوبارہ شروع کی جا رہی ہے۔ اِس سال یہ یاترا سکم میں Nathula درے اور اتراکھنڈ میں Lipulek درے کے راستے سے کی جائے گی۔ وزارت خارجہ کے مطابق امکان ہے کہ یہ یاترا جون، جولائی اور اگست کے مہینوں میں جاری رہے گی۔

یہ یاترا ہندوؤں، جین مت کے پیروکاروں اور بودھ مت کے ماننے والوں کے لیے گہری روحانی اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ کیلاش پربت کو شیو کی رہائش گاہ خیال کیا جاتا ہے۔

سکم حکومت نے زائرین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے بلند مقامات کے ماحول سے ہم آہنگی کے مراکز سمیت بنیادی ڈھانچے کو وسعت دی ہے۔x

Jaishankar US Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے امریکہ کے تین روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ یہ دورہ کل سے شروع ہونے والے کواڈ وزراءِ خارجہ کے اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی دعوت پر ہو رہا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ کواڈ گروپنگ کا مقصد ایک آزاد اور کھلے بھارت بحرالکاہل کے لیے مشترکہ ویژن کو آگے بڑھانے کی نئی تجاویز پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ اجلاس پہلگام حملے کے بعد کواڈ وزراء کا پہلا اجتماع ہوگا۔

ڈاکٹر جے شنکر اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر نیویارک میں ''دہشت گردی کے سبب انسانی زندگی کو لاحق نقصان'' کے عنوان سے ایک نمائش کا بھی افتتاح کریں گے۔ یہ نمائش دنیا بھر میں دہشت گردانہ کارروائیوں کے تباہ کن اثرات کو اجاگر کرے گی ساتھ ہی عالمی برادری کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف اقدامات کو بھی نمایاں کرے گی۔

یہ تقریب ایک ایسے وقت میں ہو رہی ہے، جب محض ایک دن قبل ہی پاکستان، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھالے گا۔x

IAEA Iran

اقوام متحدہ کے نیوکلیائی نگراں ادارے کے سربراہ نے اِن دعووں پر گہرا شک ظاہر کیاہے کہ حال ہی میں کئے گئے امریکی فضائی حملوں سے ایران کا نیوکلیائی پروگرام ختم ہوگیاہے۔ ایک ٹی وی چینل کو دیئے گئے انٹرویو میں بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی IAEA کے ڈائرکٹر جنرل Rafael Grossi نے کہاکہ ایران کے پاس اب بھی ایسی صلاحیت موجود ہے کہ وہ کچھ ہی مہینوں میں یورینیم کو

افزودہ بنانے کا پروگرام دوبارہ شروع کردے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ امریکی فضائی حملوں سے زبردست نقصان ہواہے، لیکن اِن حملوں سے پوری طرح یہ صلاحیت تباہ نہیں ہوسکی۔

Grossi کی یہ رائے زنی، امریکی صدر ڈونلڈٹرمپ کے اِن بار بار کے بیانات کے برخلاف ہے، جن میں انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکہ نے، ایران کے نیوکلیائی بنیادی ڈھانچے کو پوری طرح ختم کردیاہے۔

Grossi نے وضاحت کی کہ ایران کے پاس اب بھی تکنیکی اور صنعتی ٹھکانہ موجود ہے جو یورینیم کو افزودہ بنانے کی سرگرمیوں کو دوبارہ شروع کرنے کیلئے درکار ہوتا ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج جھارکھنڈ کے دور دراز کے مقامات پر موسلہ دھار بارش ہونے اور اوڈیشہ، بہار، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں پانچ جولائی تک دور دور تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر، پنجاب، اترپردیش، اتراکھنڈ اور وِدربھ میں بھی آج اسی طرح کے موسم کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ، مغربی بنگال اور سکم کے دور درواز کے مقام پر بہت شدید بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## HP Weather

ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ اب تک بارش سے وابستہ واقعات میں 39 لوگوں کی جان گئی ہے جبکہ چار افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ موسمیات کے محکمے نے ریاست میں پانچ جولائی تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

پچھلے 24 گھنٹے میں Mandi ضلعے کے جوگِندرنگر میں 135 ایم ایم بارش، سولن کے کسولی میں 125 ایم ایم بارش جبکہ Sirmaur میں Paonta صاحب میں 116 ایم ایم بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ ریاست میں سبھی بڑے دریا اور جھرنے طغیانی پر ہیں اور دریاؤں پر بنے باندھوں سے باضابطہ طور پر پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے ریاست کے 129 روڈس ٹریفک کے لیے بند ہیں۔ ریاستی حکومت صورتحال پر مسلسل نظر رکھ رہی ہے۔ انتظامیہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ دریاؤں اور جھرنوں کے قریب جانے سے گریز کریں۔x

## Goi State

حکومت نے "GoI Stats" موبائل ایپلی کیشن کا آغاز کیا ہے جو متعلقہ فریقوں کو سرکاری ڈیٹا تک بہ آسانی رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔ یہ شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے تحت National Sample Survey Office (NSO) کی ایک پہل ہے، جو سرکاری شماریاتی معلومات کو تمام شہریوں کے لیے قابل رسائی اور صارف پر مرکوز بنانے کے لیے بھارت کے عزم میں ایک اہم سنگِ میل کی اہمیت رکھتی ہے۔

"GoI Stats" موبائل ایپلی کیشن NSO کے اُس ویژن کی عکاسی کرتی ہے جس میں ایک جامع ڈیٹا، ماحولیاتی نظام تشکیل دینا شامل ہے۔ اِس میں ''کلیدی رجحانات'' کا ایک انٹرکٹیو ڈیش بورڈ موجود ہے، جو اہم سماجی و معاشی اشاریوں کو متحرک گرافکس کے ذریعے پیش کرتا ہے، جن میں GDP، افراطِ زر اور روزگار کے اعداد و شمار شامل ہیں۔x

## MUST ANNOUNCEMENT

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے '' ابتدائی مرحلے میں دماغی صحت کے مسائل'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، نئی دلّی کے ایمز میں نفسیات کے محکمے سے وابستہ پروفیسر اور نیورو ماڈیولیشن اور دماغی صحت سے متعلق مہارت کے مرکز کے

انچارج ڈاکٹر نند کمار کے ساتھ کیا جائے گا۔
پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات   اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

## Badminton US Open

بیڈمنٹن میں20سالہ آیوش شیٹیUSاوپن2025 میں جیت حاصل کرکے اس سیزن میں BWF World Titl حاصل کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔فائنل مقابلے میں آیوش نے کناڈا کے Brian Yang پر اکیس۔اٹھارہ، اکیس۔تیرہ سے جیت حاصل کی۔ پورے اعتماد اور یکسوئی کے ساتھ کھیلتے ہوئے انھوں نے مقابلے میں اپنا دبدبہ برقراررکھا۔
تاہم خواتین کے سنگلز مقابلے میں تنوی شرما، اعلیٰ درجے کی کھلاڑی Beiwen Zhang سے 46 منٹ تک چلے   سخت مقابلے میں گیارہ۔اکیس، اکیس۔سولہ اور دس۔اکیس سے ہارگئیں۔
16برس کی تنوی شرما نے اپنا پہلاBWF World Tour کا فائنل کھیلتے ہوئے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا لیکن تیسرے فیصلہ کن مقابلے میں ہارگئیں۔x

## Wimbledon

ومبلڈن 2025، جو ٹینس کیلنڈر کے مطابق تیسرا گرینڈسلیم ہے۔ آج سے لندن کے، آل انگلینڈ کلب میں شروع ہوگا اوریہ مردوں کے سنگلز کے ساتھ 13 جولائی کو ختم ہوگا۔ دوبار کے دفاعی چیمپئن Carlos Alcaraz عالمی نمبرایک Jannik Sinner اور ریکارڈ 24 بار کے گرینڈ سلیم فاتح   نوواک جوکووچ کے ساتھ کھیلتے ہوئے اپنے خطاب کا دفاع کریں گے۔
ومبلڈن 2025 میں چار بھارتی ٹینس کھلاڑی بھی اپنے کھیل کامظاہرہ کریں گے۔ یہ سبھی کھلاڑی مردوں کے ڈبلز میں کھیلیں گے۔آزمودہ کار روہن بوپنا کے جوڑی دار، بیلجیئم کےSander Gille جبکہ یوکی بھامبری کے جوڑی دار امریکہ کے رابرٹ Galloway ہوں گے۔
Rithwik Bollipalli، اپنے جوڑی دار رومانیہ کے نِکولاس Barrientos اور این سری رام بالا جی اپنے جوڑی دار میکسیکو کے Miguel Reyes Varela کے ساتھ اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔x

## یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ

### شکریہ - شگفتہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندرمودی کے پروگرام   ’’من کی بات‘‘ کے حوالے سے ان کے بیانات کو اپنے   صفحہ اول پر نمایاں اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے ’’مہاتمابدھ کے نظریات میں دنیا کو ایک ساتھ باندھنے کی طاقت‘‘۔
ماحولیات کو بچانے کیلئے شجرکاری ضروری۔ وہیں پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے ’’یوگا کی عظمت لوگوں کو متاثر

کرے گی''۔

ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی وزیرداخلہ کے اس بیان کو کہ ماؤنوازوں کو چاہیئے کہ وہ تشدد کا راستہ ترک کرکے عام سماجی زندگی کے دھارے میں شامل ہوجائیں۔ اس شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے
''30مارچ 2026 تک نکسلی سرگرمیوں کا مکمل خاتمہ کیاجائے گا''

''دو روزہ دورے پر صدرجمہوریہ کی گورکھپور آمد آج'' روزنامہ انقلاب نے اس خبر کو نمایاں اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔
منگل سے ریلوے مسافروں کے ریزرویشن سسٹم میں بڑی تبدیلی۔تتکال ٹکٹ بکنگ میں صارف کے آدھار کی تصدیق کا ہوگا لزوم۔

موسیقار کلیان جی کا آج یوم پیدائش ہے۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے اس عنوان سے شائع کیا ہے۔ کلیان جی کی موسیقی کا جادو آج بھی برقرار۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج سے اترپردیش کا دو روزہ دورہ کریں گی۔

2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اُن ماؤنوازوں سے بات کرنے کے امکان سے انکار کردیاہے جو ہتھیاروں سے لیس ہیں۔

3 UGC نے 89 اداروں کو نوٹس جاری کئے ہیں جن میں چار IITs، تین IIMs اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی شامل ہیں۔اِن اداروں کو ریگنگ کی روک تھام سے متعلق ضابطوں پر عمل درآمد میں ناکام رہنے پر یہ نوٹس جاری کئے گئے ہیں۔

4 مہاراشٹر سرکار نے اسکولوں سے، اپنی سہ لسانی پالیسی واپس لے لی ہے۔ وزیراعلیٰ نے پالیسی کے مستقبل پر بات چیت کیلئے ایک کمیٹی کا اعلان کیاہے۔

5 کیلاش مانسروور یاترا، پانچ سال کے وقفے کے بعد آج سے دوبارہ شروع ہورہی ہے۔

6 بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے سربراہ نے کہا ہے کہ ایران، امریکی فضائی حملوں کے باوجود کچھ ہی مہینوں میں یورینیم کو افزودہ بنانے کا پروگرام دوبارہ شروع کرسکتا ہے۔

7 اور بیڈمنٹن میں آیوش شیٹی نے پہلی بار امریکی اوپن خطاب جیت لیاہے۔تنوی شرما، رنراپ رہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---